روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 19 جون 2008ء 14 جمادی الثانی 1429 ہجری 19 احسان 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 138

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

عفو ہی ایک اخلاقی قوت ہے۔ اس کے لئے یہ دیکھنا ضروری ہے کہ آیا عفو کے لائق ہے یا نہیں۔ مجرم دو قسم کے ہوتے ہیں۔ بعض تو اس قسم کے ہوتے ہیں کہ ان سے کوئی حرکت ایسی سرزد ہو جاتی ہے جو غصہ تو دلاتی ہے، لیکن وہ معافی کے قابل ہوتے ہیں اور بعض ایسے ہوتے ہیں کہ اگر ان کی کسی شرارت پر چشم پوشی کی جاوے اور ان کو معاف کر دیا جاوے تو وہ زیادہ دلیر ہو کر مزید نقصان کا باعث بنتے ہیں۔ مثلاً ایک خدمتگار ہے جو بڑا نیک اور فرماں بردار ہے۔ وہ چائے لایا۔ اتفاق سے اس کو ٹھوکر لگی اور چائے کی پیالی گر کر ٹوٹ گئی اور چائے بھی مالک پر گر گئی۔ اگر وہ اس کو مارنے کے لئے اٹھ کھڑا ہو اور تیز اور تند ہو کر اس پر جا پڑے، تو یہ سفاہت ہوگی۔ یہ عفو کا مقام ہے، کیونکہ اس نے عمداً شرارت نہیں کی ہے اور عفو اس کو زیادہ شرمندہ کرتا اور آئندہ کے لئے محتاط بناتا ہے، لیکن اگر کوئی ایسا شریر ہے کہ وہ ہر روز توڑتا ہے اور یوں نقصان پہنچاتا ہے، تو اس پر رحم یہی ہوگا کہ اس کو سزا دی جائے۔ (ملفوظات جلد اول ص 290)

کہتے ہیں کہ امام حسن رضی اللہ عنہ کے پاس ایک نوکر چاء کی پیالی لایا۔ جب قریب آیا تو غفلت سے وہ پیالی آپؓ کے سر پر گر پڑی۔ آپؓ نے تکلیف محسوس کر کے ذرا تیز نظر سے غلام کی طرف دیکھا۔ غلام نے آہستہ سے پڑھا۔ والکاظمین الغیظ یہ سن کر امام حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا کظمت غلام نے پھر کہا والعافین عن الناس۔ کظم میں انسان غصہ دبا لیتا ہے اور اظہار نہیں کرتا ہے، مگر اندر سے پوری رضامندی نہیں ہوتی، اس لئے عفو کی شرط لگا دی ہے۔ آپؓ نے کہا میں نے عفو کیا۔ پھر پڑھا واللّٰہ یحب المحسنین۔ محبوب الٰہی وہی ہوتے ہیں جو کظم اور عفو کے بعد نیکی بھی کرتے ہیں۔ آپؓ نے فرمایا: جا آزاد بھی کیا۔ راستبازوں کے نمونے ایسے ہیں کہ چائے کی پیالی گرا کر آزاد ہوا۔ اب بتاؤ کہ یہ نمونہ اصول کی عمدگی ہی سے پیدا ہوا۔ (ملفوظات جلد اول ص 115)

بدی کی جزا اسی قدر بدی ہے، لیکن اگر کوئی عفو کرے، مگر وہ عفو بے محل نہ ہو، بلکہ اس عفو سے اصلاح مقصود ہو، تو اس کا اجر اللہ کے ذمہ ہے۔ مثلاً اگر چور کو چھوڑ دیا جائے تو وہ دلیر ہو کر ڈاکہ زنی کرے گا۔ اس کو سزا ہی دینی چاہئے۔ لیکن اگر دو نوکر ہوں اور ایک ان میں سے ایسا ہو کہ ذرا سی چشم نمائی ہی اس کو شرمندہ کر دیتی اور اس کی اصلاح کا موجب ہوتی ہو، تو اس کو سخت سزا مناسب نہیں۔ مگر دوسرا عمداً شرارت کرتا ہے، اس کو عفو کریں تو بگڑتا ہے۔ اس کو سزا ہی دی جاوے۔

(ملفوظات جلد اول ص 331)

دشمن پر رحم کرو

رسول اللہؐ نے فرمایا دشمن پر رات سوتے میں حملہ نہ کرنا۔

(بخاری کتاب المغازی باب غزوہ خیبر)

دشمن کو دھوکہ نہ دینا، دشمن کی نعشوں کا مثلہ نہ کرنا (ناک کان کاٹ کر بے حرمتی نہ کرنا)

(مسلم کتاب الجہاد باب تامیر الامام الامراء)

مذہبی رہنماؤں کو قتل نہ کرنا۔ اور نہ ان کی عبادت گاہوں کو نقصان پہنچانا۔ نہ سرسبز درخت کاٹنا۔

(طحاوی)

جلسہ سالانہ امریکہ کے پروگرام

(پاکستانی وقت کے مطابق)

☆20 جون بروز جمعۃ المبارک

لائیو نشریات کا آغاز 11:00 بجے رات

☆خطبہ جمعہ حضور انور

(پنسلوانیا سے Live) 12:00 بجے رات

☆21 جون بروز ہفتہ

خطبہ جمعہ حضور انور: 10:25 صبح (نشر مکرر)

نیز حضور انور کا یہ خطبہ جمعہ دوپہر 2:30 بجے بھی نشر ہوگا۔

Live نشریات کا آغاز 8:45 شام

اس دوران حضور انور کا خطاب نشر ہوگا۔

☆22 جون بروز اتوار

لائیو نشریات کا آغاز 9:00 بجے رات

اسی دوران حضور انور کا اختتامی خطاب نشر ہوگا۔

احباب جماعت سے بھرپور استفادہ کی درخواست ہے۔

نظارت اشاعت

نتیجہ مقابلہ مضمون نویسی بعنوان سیرت حضرت خلیفۃ المسیح الثانی

سہ ماہی دوم 2008ء

(زیر اہتمام مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان)

اس مقابلہ میں 517 خدام شامل ہوئے

اول: مکرم احسان اللہ قمر صاحب لالہ رخ واہ کینٹ۔ راولپنڈی

دوم: مکرم چوہدری محمد علیم انور صاحب مغل پورہ لاہور

سوم: مکرم بدر الزمان محسن صاحب دارالعلوم غربی ربوہ

چہارم: مکرم فراست احمد راشد صاحب کوارٹر صدر انجمن احمدیہ۔ ربوہ

پنجم: مکرم منصور احمد مبشر صاحب لالہ رخ واہ کینٹ راولپنڈی

ششم: مکرم عمران محمود صاحب سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی

ہفتم: مکرم ظافر محمود صاحب طاہر ہوسٹل ربوہ

ہشتم: مکرم توقیر احمد آصف صاحب دارالحمد فیصل آباد

نہم: مکرم محمد اسحٰق صاحب بیوت الحمد ربوہ

دہم: مکرم منصور احمد خان صاحب سوسائٹی کراچی

حوصلہ افزائی: مکرم خواجہ ناصر احمد نور صاحب راولپنڈی

مکرم حسن رشید صاحب۔ سمن آباد۔ لاہور

مہتمم تعلیم

مرتبہ: مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

سوانح حضرت مسیح موعود (سوال وجواب کی شکل میں)

نمبر 7

سوال: ''سراج الدین عیسائی کے چار سوالوں کا جواب'' کی اشاعت کب ہوئی۔
جواب: جون 1897ء میں۔
سوال: حضور نے اپنی صداقت کے لئے اللہ تعالیٰ سے استخارہ کرنے کی طرف مخالفین کو قسم دے کر کب بلایا۔
جواب: 15 جولائی 1897ء کو۔
سوال: حضور کے خلاف پادری مارٹن کلارک نے مقدمہ اقدام قتل کب درج کرایا۔
جواب: اگست 1897ء میں۔
سوال: مقدمہ اقدام قتل سے حضور کب باعزت بری ہوئے۔
جواب: 23/اگست 1897ء کو۔
سوال: جماعت احمدیہ کے سب سے پہلے اخبار ''الحکم'' کا اجراء کب ہوا۔
جواب: 8/اکتوبر 1897ء کو۔
سوال: مدرسہ تعلیم الاسلام کا افتتاح کب ہوا۔
جواب: 3 جنوری 1898ء کو۔
سوال: مدرسہ تعلیم الاسلام کے پہلے ہیڈ ماسٹر کون تھے اور طلباء کی تعداد کتنی تھی۔
جواب: حضرت شیخ یعقوب علی عرفانی صاحب پہلے ہیڈ ماسٹر تھے اور طلباء کی تعداد اکتالیس تھی۔
سوال: حضور کی کتاب ''کتاب البریہ'' کی اشاعت کب ہوئی۔
جواب: جنوری 1898ء میں۔
سوال: حضور نے بذریعہ اشتہار پنجاب میں طاعون پھیلنے کی پیش گوئی کب کی۔
جواب: 6 فروری 1898ء کو۔
سوال: مقدمہ انکم ٹیکس سے بریت کب ہوئی۔
جواب: 17 ستمبر 1898ء کو۔
سوال: حضور کی کتاب ''ضرورۃ الامام'' کی اشاعت کب ہوئی۔
جواب: اکتوبر 1898ء میں۔
سوال: حضور نے امن عامہ کے قیام کیلئے وائسرائے ہند کو میموریل کب بھیجا۔
جواب: اکتوبر 1898ء میں۔
سوال: حضور نے کتاب ''مسیح ہندوستان میں'' کب تصنیف فرمائی۔
جواب: اپریل 1899ء میں جو 1908ء میں شائع ہوئی۔
سوال: حضرت مسیح موعود کے صاحبزادے حضرت مرزا مبارک احمد صاحب کی ولادت کب ہوئی۔
جواب: 14 جون 1899ء کو۔
سوال: حضور کے زمانہ ماموریت کا پہلا پورے قد کا فوٹو کب لیا گیا۔
جواب: جون 1899ء میں۔
سوال: حضور کی کتاب ''ستارہ قیصریہ'' کی اشاعت کب ہوئی۔
جواب: اگست 1899ء میں۔
سوال: مذاہب عالم کا جلسہ منعقد کروانے کے لئے حضور نے حکومت کے نام میموریل کب شائع کیا۔
جواب: 27 ستمبر 1899ء کو۔
سوال: مخالفین نے بیت مبارک کو مہمان خانہ سے ملانے والی گلی کو اینٹوں کی دیوار کھینچ کر کب بند کیا تھا۔
جواب: 5 جنوری 1900ء کو۔
سوال: مدرسہ تعلیم الاسلام ہائی سکول کب بنا۔
جواب: فروری 1900ء میں۔
سوال: عیدالاضحیٰ پر خطبہ الہامیہ کا زبردست علمی نشان کب ظاہر ہوا۔
جواب: 11/اپریل 1900ء کو۔
سوال: حضور کی کتاب ''گورنمنٹ انگریزی اور جہاد'' کی اشاعت کب ہوئی۔
جواب: مئی 1900ء میں۔

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

جمعہ 20 جون 2008ء

6-00 am	تلاوت، درس ملفوظات، خبریں
7-00 am	خلافت جوبلی انٹرویوز
7-25 am	لقاء مع العرب
8-40 am	المائدہ
8-50 am	حضور انور کا دورہ آسٹریلیا
9-20 am	ہومیوپیتھی کی فلاسفی
10-15 am	ترجمۃ القرآن
11-15 am	مشاعرہ
12-05 pm	تلاوت، درس حدیث، خبریں
1-00 pm	بستان وقف نو
1-55 pm	فرنچ سروس
2-20 pm	سرائیکی سروس
3-10 pm	اردو ملاقات
4-10 pm	انڈونیشین سروس
5-10 pm	سیرت صحابہ رسولؐ
6-00 pm	خطبہ جمعہ ریکارڈنگ
7-20 pm	تلاوت، درس حدیث، خبریں
8-20 pm	بنگلہ پروگرام
9-30 pm	سیرت صحابہ رسولؐ
10-05 pm	انڈونیشیا میں احمدیت
11-00 pm	**جلسہ سالانہ امریکہ 2008ء لائیو**

ہفتہ 21 جون 2008ء

12-00 am	**خطبہ جمعہ لائیو یو ایس اے**
1-00 am	جلسہ سالانہ یو ایس اے کی کارروائی
1-35 am	نیوز ریویوز
2-10 am	اردو ملاقات
3-10 am	جلسہ سالانہ یو ایس اے 2008
4-10 am	خطبہ جمعہ
5-10 am	جلسہ سالانہ یو ایس اے 2008
6-00 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
7-00 am	فرنچ سروس
7-35 am	لقاء مع العرب
8-50 am	ڈسکشن پروگرام
9-25 am	جلسہ سالانہ یو ایس اے 2008ء
10-25 am	خطبہ جمعہ
11-25 am	جلسہ سالانہ یو ایس اے 2008
12-00 pm	تلاوت، درس حدیث، خبریں
1-05 pm	بستان وقف نو
1-55 pm	جلسہ سالانہ یو ایس اے 2008
3-30 pm	خطبہ جمعہ جلسہ سالانہ یو ایس اے 2008
5-30	انڈونیشین سروس
6-30 pm	فرنچ سروس
7-05 pm	تلاوت، خبریں
7-55 pm	بنگلہ سروس
8-55 pm	بستان وقف نو
9-45 pm	**جلسہ سالانہ یو ایس اے 2008 خطاب حضور انور، Live**
11-45 pm	سوال وجواب

اتوار 22 جون 2008ء

12-30 am	عربی سروس
2-35 am	جلسہ سالانہ یو ایس اے 2008ء
6-00 am	تلاوت
6-10 am	لقاء مع العرب
7-10 am	خطبہ جمعہ
9-10 am	جلسہ سالانہ یو ایس اے 2008ء
12-00 pm	تلاوت، درس حدیث، خبریں
1-05 pm	گلشن وقف نو
2-05 pm	فرسٹ ایڈ پروگرام
2-35 pm	عربی سیکھئے
3-00 pm	دورہ حضور انور
4-00 pm	انڈونیشین سروس
5-00 pm	خطبہ جمعہ (سپینش)
6-00 pm	تلاوت، درس حدیث، خبریں
7-00 pm	بنگلہ پروگرام
7-55 pm	خطبہ جمعہ
9-00 pm	**جلسہ سالانہ یو ایس اے 2008ء لائیو**

سوموار 23 جون 2008ء

12-05 am	عربی سیکھئے
12-30 am	عربی سروس
3-05 am	جلسہ سالانہ یو ایس اے 2008ء
6-10 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
7-10 am	فرسٹ ایڈ پروگرام
7-40 am	لقاء مع العرب
8-55 am	جلسہ سالانہ یو ایس اے 2008ء
12-00 pm	تلاوت، درس حدیث، خبریں
12-55pm	چلڈرن کلاس
2-15 pm	فرنچ پروگرام
2-25 pm	تقریر
3-05 pm	فرنچ سروس
4-10 pm	انڈونیشن سروس
4-50 pm	طب وصحت
6-00 pm	تلاوت، خبریں
8-00 pm	خطبہ جمعہ
9-05 pm	چلڈرنز کلاس
10-15 pm	سپاٹ لائیٹ
10-50 pm	فرنچ پروگرام
11-20 pm	فرنچ سروس

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

سیدنا حضرت مسیح موعود کے سب سے بڑے فرزند ارجمند

حضرت صاحبزادہ مرزا سلطان احمد صاحب کی سیرت وسوانح کے دلکش نقوش

مکرم میر انجم پرویز صاحب

(قسط سوم)

دستی بیعت

آپ نے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے دور خلافت میں 25 دسمبر 1930ء کو بیعت کی۔ اس بیعت کے بارے میں ڈاکٹر حشمت اللہ صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ مرزا سلطان احمد صاحب اپنی لمبی بیماری کے دوران جوانہیں پنشن کے کچھ عرصہ بعد لاحق ہوگئی تھی پہلے لاہور تشریف فرما تھے۔ پھر آپ قادیان آ گئے اور یہاں علاج معالجہ کا سلسلہ شروع ہوگیا اسی لمبی اور آخری بیماری کے دوران خاکسار کو بہت کچھ طبی خدمت کا موقع ملتا رہا۔ آپ فرماتے ہیں کہ

''میں نے کبھی مرزا صاحب کو مغموم نہ پایا۔ اکثر لطائف کے رنگ میں بات کرتے تھے۔'' ایک روز خاکسار نے مندرجہ ذیل رویا مرزا صاحب کو سنایا۔

''خاکسار نے 12 رمضان 1930ء کو جب میں فجر کی نماز کے بعد لیٹ گیا تھا تو رویا میں دیکھا کہ شور بپا ہے اور اعلان سا ہو رہا ہے کہ حضرت مسیح موعود دوبارہ دنیا میں آ رہے ہیں پھر دیکھا کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی جن کے ہمراہ اس وقت صرف یہ ناچیز راقم ہے حضرت اقدس کے استقبال کے لئے چوک بیت مبارک سے ریلوے سٹیشن سے آنے والے راستہ کی طرف بڑھے ہیں اور ابھی تھوڑا سا آگے بڑھے ہیں کہ حضرت مسیح موعود آتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ اس وقت حضور نے نہایت سفید براق نقاب پہنا ہوا ہے جس کو حضور نے جب اتارا تو حضور کا چہرہ مبارک ایسا منور نظر آیا جس کی مثال بیان نہیں کی جا سکتی۔ اس وقت پہلے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے مصافحہ کیا اس کے بعد خاکسار نے۔ حضور پرنور نے خاکسار کے ہاتھ کو کچھ زیادہ دیر تک اپنے ہاتھ میں تھامے رکھا ابھی میرا ہاتھ حضور کے ہاتھ میں ہی تھا کہ ایک طرف تو حضور کی شکل میں کچھ تبدیلی نظر آئی اور حضرت مرزا سلطان احمد صاحب کی شبیہ سے کچھ مشابہ ہوگئی اور دوسری طرف میرے دل میں یہ خیال آنے لگا کہ مرزا سلطان احمد صاحب لاہور میں بیمار تھے وہ تندرست ہو کر آئے ہیں۔ مگر یہ خیال زیادہ غالب نہ آیا کہ میری آنکھ کھل گئی۔ اس وقت جب میں نے یہ خواب دیکھا تو میرا بدن خوشی کے اثر سے جو رویا کی حالت میں پہنچی تھی چارپائی پر تھرتھرا رہا تھا۔''

جب میں نے یہ رویا مرزا صاحب کو سنائی تو آپ اسے سن کر بہت مغموم ہوگئے اور آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے اور رقت قلب کے ساتھ خاکسار سے مخاطب ہوئے کہ

''ڈاکٹر صاحب میرے لئے دعا کریں کہ میں بھی انسانوں میں شامل ہو جاؤں۔''

آپ نے یہ الفاظ کچھ ایسے رنگ میں کہے تھے کہ میرے دل پر ان کا بہت گہرا اثر ہوا۔ میں ان کے لئے دعا کرتا رہا اور علاج معالجہ بھی چلتا رہا اور کبھی سلسلہ احمدیہ کا تذکرہ بھی ہو جاتا تھا۔ آخر اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے وہ دن لے آیا کہ مرزا صاحب کے اہل بیت کی طرف سے خاکسار کو بلایا گیا کہ میں حضرت خلیفۃ المسیح کی خدمت میں عرض کر کے حضور کو بلا لاؤں تاکہ حضور مرزا صاحب کی بیعت لے لیں۔ اس وقت مجھے بہت خوشی پہنچی اور خدا تعالیٰ کی قدرت کا نظارہ سامنے آ گیا کہ بڑا بھائی چھوٹے بھائی کے ہاتھ پر خدا کی راہ میں بکنے لگا ہے۔ میں نے حضرت صاحب کی خدمت میں مرزا صاحب کے ہاں تشریف لے جانے اور بیعت لینے کے لئے عرض کیا۔ حضور اسی وقت میرے ہمراہ مرزا صاحب کے مکان پر تشریف لے گئے اور اس کمرہ میں تشریف لے گئے جہاں مرزا صاحب بستر علالت پر تھے۔ مرزا صاحب کی طبیعت اس وقت اچھی تھی۔ کوئی بخار وغیرہ یا کسی قسم کا عارضہ نہ تھا بجز اس تدریجی کمزوری کے جو ٹانگوں میں پیدا ہوگئی تھی اور آپ کھڑے نہ ہو سکتے تھے۔

دونوں بھائیوں نے ایک دوسرے کی مزاج پرسی کی اور حضرت خلیفۃ المسیح الثانی مرزا صاحب کی چارپائی کے پاس کرسی پر بیٹھ گئے۔ دونوں بھائیوں پر خاموشی طاری تھی۔ تو کچھ توقف کے بعد میں نے مرزا صاحب کا ہاتھ پکڑ کر کہا کہ جیسا کہ آپ خواہش ظاہر کر چکے ہیں اب آپ ہاتھ بڑھائیں اور بیعت کر لیں۔ چنانچہ آپ نے برضا و رغبت ہاتھ بڑھایا اور حضرت خلیفۃ المسیح نے ان کے ہاتھ کو اپنے ہاتھ میں لے لیا تاکہ اس دیر سے بچھڑے ہوئے بھائی کو اپنے عالی مقام اور شان والے خدا کے جری کے آغوش شفقت میں داخل کر لیں۔

بیعت شروع ہوئی۔ حضور دھیمی آواز میں بیعت کے الفاظ کہتے تھے اور مرزا صاحب ان کو دہراتے تھے۔ جس وقت یہ الفاظ بولے گئے۔

''آج میں محمود کے ہاتھ پر اپنے تمام گناہوں سے توبہ کر کے احمدی جماعت میں داخل ہوتا ہوں۔''

تو اس وقت میرے قلب کی عجیب کیفیت ہوگئی۔ اللہ تعالیٰ کی قدرت کا عجیب نظارہ آنکھوں کے سامنے آ گیا کہ ایک چھوٹے بھائی کو جو بڑے بھائی سے عمر میں بہت چھوٹا ہے بلکہ اس کی اولاد کے برابر ہے خدا تعالیٰ نے وہ مرتبہ دیا ہے کہ وہ اپنے بڑے بھائی سے یہ الفاظ کہلوا رہا ہے کہ میں آج اپنے تمام گناہوں سے توبہ کر کے جن میں میں گرفتار تھا سلسلہ احمدیہ میں داخل ہوتا ہوں۔ پھر اس کے بعد یہ الفاظ بھی دہرائے گئے کہ آئندہ بھی ہر قسم کے گناہوں سے بچنے کی کوشش کروں گا۔ شرک نہیں کروں گا۔ دین کو دنیا پر مقدم رکھوں گا اور جو آپ نیک کام بتائیں گے ان میں آپ کی فرمانبرداری کروں گا۔ حضرت مسیح موعود کے تمام دعووں پر ایمان رکھوں گا۔ وغیرہ وغیرہ

اس کے بعد حضور نے حسب معمول دعا کروائی اور دعا کے کچھ دیر بعد واپس اپنے مقام پر تشریف لے گئے اور یہ ناچیز بھی خوشی سے لبریز دل کے ساتھ اپنے کام پر چلا گیا۔

مرزا صاحب نے میرے رویا بیان کرنے پر مجھ سے جو برقت قلب کہا تھا کہ ڈاکٹر صاحب دعا کریں کہ میں بھی انسانوں میں داخل ہو جاؤں۔ کچھ ایسے رنگ میں یہ الفاظ کہے گئے تھے کہ خدا تعالیٰ کے حضور قبولیت پکڑ گئے اور حضرت مرزا صاحب کو سلسلہ میں داخل ہونا اور بہشتی مقبرہ میں اپنے عالی شان والد حضرت مسیح موعود کے قدموں میں سونا نصیب ہوا حضرت مرزا صاحب نے 25 دسمبر 1930ء کو بیعت کی تھی اور 2 جولائی 1931ء کو وفات پائی۔

آپ کی بیعت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی پیشگوئی جو موعود فرزند کے بارے میں تھی کہ وہ تین کو چار کرنے والا ہوگا پوری ہوئی اور آپ کا بیعت کرنا ایک غیر معمولی اہمیت کا حامل ہوا۔

(الفضل 11 دسمبر 1940ء)

آپ کی بیعت ایک نشان تھا

حضرت صاحبزادہ مرزا سلطان احمد صاحب کی وفات کے بعد حضرت مصلح موعود نے اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 3 جولائی 1931ء میں صاحبزادہ صاحب کے قبول احمدیت کے نشان اور بیعت کے بعد آپ کے اخلاص کے بعض واقعات کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:۔

''حضرت مسیح موعود کا ایک الہام یعنی ہم تیرے متعلق ایسی تمام باتوں کو جو تیرے لئے شرمندگی یا رسوائی کا موجب ہوسکیں مٹا دیں گے۔ اس الہام کو میں دیکھتا ہوں کہ ان عظیم الشان کلماتِ الٰہیہ میں سے ہے۔ جو متواتر پورے ہوتے رہتے ہیں اور جن کے ظہور کا ایک لمبا سلسلہ چلا جاتا ہے۔

حضرت مسیح موعود کے متعلق جو اعتراض کئے جاتے تھے۔ ان میں سے ایک اہم اعتراض یہ بھی تھا۔ کہ آپ کے رشتہ دار آپ کا انکار کرتے ہیں اور پھر خصوصیت سے یہ اعتراض کیا جاتا تھا کہ آپ کا ایک لڑکا آپ کی بیعت میں شامل نہیں۔

یہ اعتراض اس کثرت کے ساتھ کیا جاتا تھا کہ جن لوگوں کے دلوں میں سلسلہ کا درد تھا۔ وہ اس کی تکلیف محسوس کئے بغیر نہیں رہ سکتے تھے۔ میں دوسروں کو تو نہیں کہہ سکتا لیکن اپنی نسبت میں کہہ سکتا ہوں کہ میں نے متواتر اور اس کثرت سے اس امر میں اللہ تعالیٰ سے دعائیں کیں کہ میں کہہ سکتا ہوں کہ میں نے ہزار ہا دفعہ اللہ تعالیٰ سے دعا کی ہوگی اور میں یقین سے کہہ سکتا ہوں۔ بغیر ذرہ بھر مبالغہ کے بیسیوں دفعہ میری سجدہ گاہ آنسوؤں سے تر ہوگئی۔ اس وجہ سے نہیں کہ جس شخص کے متعلق اعتراض کیا جاتا تھا۔ وہ میرا بھائی تھا۔ بلکہ اس وجہ سے کہ جس شخص کے متعلق اعتراض کیا جاتا تھا۔ وہ حضرت مسیح موعود کا بیٹا تھا اور اس وجہ سے کہ یہ اعتراض حضرت مسیح موعود پر پڑتا تھا۔ میں نے ہزاروں دفعہ اللہ تعالیٰ سے دعا کی۔ اور آخر کار اللہ تعالیٰ نے اس کا نتیجہ یہ دکھایا کہ مرزا سلطان احمد صاحب جو ہماری دوسری والدہ سے بڑے بھائی تھے اور جن کے متعلق حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی وفات کے بعد عام طور پر یہ خیال کیا جاتا تھا۔ کہ ان کے لئے اب احمدیت میں داخل ہونا ناممکن ہے۔ احمدی ہو گئے۔ ان کا احمدی ہونا ناممکن اس لئے کہا جاتا تھا۔ کہ جس شخص نے اپنے باپ کے زمانہ میں بیعت نہ کی ہو اور پھر ایسے شخص کے زمانہ میں بھی بیعت نہ کی ہو۔ جس کا ادب واحترام اس کے دل میں موجود ہو۔ اس کے متعلق یہ امید نہیں کی جا سکتی کہ وہ کسی وقت اپنے چھوٹے بھائی کے ہاتھ پر بیعت کر لے گا۔ لیکن کتنا زبردست اور کتنی عظیم الشان طاقتوں اور قدرتوں والا وہ خدا ہے جس نے حضرت مسیح موعود سے مدتوں پہلے فرما دیا تھا۔ یعنی ہم تیرے اوپر جو جو اعتراض کئے جاتے ہیں ان کا نشان بھی نہیں رہنے دیں گے۔ بلکہ سب کو مٹا دیں گے تین سال کے قریب ہوئے مرزا سلطان احمد صاحب شدید بیمار ہوئے۔ قریباً ایسی ہی بیماری تھی۔ نفخ تھا اور بخار بھی تھا۔ میں ڈاکٹر صاحب سے ان کا علاج کراتا تھا۔ لیکن سب سے بڑی فکر جو مجھے ان کے متعلق تھی۔ وہ یہ تھی۔ کہ اگر یہ اسی حالت میں فوت ہو گئے۔ تو مخالفوں کا اعتراض باقی رہ جائے گا............

عام طور پر میں دیکھتا ہوں کہ لوگوں کو پہلی حالت کا ذکر کرنے میں ایک قسم کا حجاب ہوتا ہے۔ چنانچہ جب ہماری تائی صاحبہ بیعت میں داخل ہوئیں۔ تو ہماری جماعت میں سے کئی لوگ کہنے لگے۔ تائی صاحبہ حضرت مسیح موعود کی مخالفت نہیں کیا کرتی تھیں مگر چھپانے کی کوئی ضرورت نہیں ہوتی یہ واقعات ہیں جو اللہ تعالیٰ کی شان کو زیادہ ظاہر کرنے والے ہیں۔

میں نے دیکھا ہے ہم چھوٹے ہوتے تھے۔ ایک سیڑھی تھی۔ جو ہمارے دونوں گھروں کے درمیان تھی۔ ہم وہاں سے گزرتے تو ہماری تائی صاحبہ اکثر کہتیں۔ ''جیسے کوا ویسے کوکو'' یعنی جس رنگ کا باپ ہے۔ یہ بچے بھی اسی رنگ میں رنگین ہیں مجھے یہ کہتے ہوئے کچھ

حجاب نہیں آتا۔ کیونکہ ہم کہتے ہیں کہ یہ قلب کی حالت ہو اور پھر ہدایت نصیب ہو۔ تو یہ تو معجزہ ہو جاتا ہے اور پھر ان کا درجہ بھی بڑھ جاتا ہے۔ کیونکہ باوجود اتنی مخالفت کے اللہ تعالیٰ نے آخر کوئی نیکی دیکھی ہی تھی۔ جو انہیں ہدایت دے دی۔

یہی حال میں دیکھتا ہوں مرزا سلطان احمد صاحب کا تھا اس رنگ میں تو نہیں۔ جس رنگ میں تائی صاحبہ کا تھا۔ مگر ایک اور رنگ میں ان کا بھی ضرور ایسا ہی حال تھا۔ اس میں شبہ نہیں۔ مرزا سلطان احمد صاحب ہمیشہ یہ یقین رکھتے تھے۔ کہ حضرت مسیح موعود جھوٹ نہیں بولتے۔ اپنا باپ ہونے کے لحاظ سے نہیں۔ بلکہ فی الواقع ان کے دل میں حضرت مسیح موعود کی راستبازی گھر کر چکی تھی۔

مگر یہ نہیں کہ وہ آپ کے الہامات کی ایسی عظمت اور شان سمجھتے ہوں۔ جیسے ایک مامور کے الہامات کی سمجھنی چاہئے۔

مجھے ان کا ایک فقرہ خوب یاد ہے۔ شروع شروع میں جب میں نے ان سے ملنا شروع کیا۔ تو ایک دن باتوں باتوں میں کہنے لگے۔ مجھے یقین ہے ہمارے والد صاحب کو رسول کریم ﷺ کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے بھی بڑھ کر محبت تھی۔ اپنے رنگ میں تو انہوں نے یہ فقرہ محبت میں ہی کہا ہوگا۔ مگر مجھے بڑا ہی برا معلوم ہوا۔ کیونکہ خدا کے مقابلہ میں کسی رسول سے زیادہ محبت ہو ہی کس طرح سکتی ہے۔

اسی طرح ایک دفعہ کہنے لگے۔ اگر یہ سڈیشن کا قانون پہلے نکلتا۔ تو ہمارے والد صاحب ضرور قید ہو جاتے۔ کیونکہ انہوں نے رسول کریم ﷺ کی شان قائم رکھنے کے لئے کسی مصیبت کی بھی پرواہ نہیں کرنی تھی۔ اس قسم کے الفاظ ممکن ہے۔ محبت کی وجہ سے ان کے مونہہ سے نکلے ہوں۔ مگر ایسے الفاظ ہم لوگوں کے مونہوں سے جو مامورین کی حقیقی قدر و منزلت جانتے ہیں۔ کبھی نہیں نکل سکتے۔

غرض الہام الٰہی کا ادب اور وقار احمدیت کی حد تک ان کے دل میں نہ تھا۔ اگرچہ وہ یقین رکھتے تھے۔ کہ حضرت مسیح موعود جھوٹے نہیں۔ ایسی قلبی کیفیت کے باوجود اللہ تعالیٰ نے انہیں ہدایت دی اور ایسے وقت میں دی۔ کہ صاف طور پر وہ اللہ تعالیٰ کا ایک نشان معلوم ہوتا ہے۔ دسمبر 1930ء میں انہوں نے بیعت کی اور چھ مہینوں کے بعد وہ فوت ہو گئے۔ جس سے صاف طور پر پتہ چلتا ہے۔ کہ ان کی بیعت الٰہی تصرف کے ماتحت ہوئی۔ اللہ تعالیٰ خوب جانتا تھا۔ کہ اب یہ جلد ہی فوت ہو جانے والے ہیں۔ اس لئے اگر انہوں نے بیعت نہ کی۔ تو ایک مخزیہ رہ جائے گی پس خدا نے انہیں بیعت میں داخل کر کے اس مخزیہ کو بھی دور فرما دیا۔ اس سے پہلے بعض دوست جب انہیں بیعت کے لئے کہتے۔ تو وہ یہی جواب دیتے کہ میں تو سمجھتا ہوں۔ کہ سلسلہ سچا ہے۔ مگر مجھے اس بات سے شرم آتی ہے۔ کہ اپنے چھوٹے بھائی کے ہاتھ پر بیعت کروں قریباً سال بھر ان کی یہ حالت رہی اور اس سے پہلے ان کی یہ حالت تھی۔ کہ وہ کہتے ہیں یہ سلسلہ تو سچا ہے۔ مگر ابھی میں نے فیصلہ کرنا ہے۔ کہ لاہوری حق پر ہیں۔ یا قادیانی جماعت۔ مجھے ان کے جب یہ خیالات معلوم ہوئے۔ تو میں نے انہیں تحریک کی۔ کہ اپنی احمدیت کا اعلان کر دیں۔ کیونکہ اس سوال کا فیصلہ کئے بغیر بھی تو ایک شخص حضرت مسیح موعود پر ایمان لا سکتا ہے۔ اس پر انہوں نے اعلان کر دیا۔ کہ میں سلسلہ احمدیہ میں تو داخل ہوتا ہوں۔ مگر ابھی میں کہہ نہیں سکتا کہ قادیانی جماعت حق پر ہے۔ یا لاہوری۔ اس اعلان کے ایک سال بعد انہیں شرح صدر ہو گیا اور انہیں یقین ہو گیا کہ جماعت قادیان ہی صداقت پر ہے اور یہی سلسلہ سچا ہے۔ مگر شرم یہ آتی۔ کہ میں اپنے چھوٹے بھائی کے ہاتھ پر کس طرح بیعت کروں۔ آخر ایک دن ڈاکٹر حشمت اللہ صاحب میرے پاس آئے اور کہنے لگے۔ مرزا سلطان احمد صاحب بیعت کرنا چاہتے ہیں اور انہوں نے کہا ہے میں تو چل نہیں سکتا۔ آپ کو کسی دن فرصت ہو تو میری بیعت لے لیں۔ اس دن میری طبیعت اچھی نہیں تھی اور میں بیمار تھا۔ مگر میں نے کہا۔ میں ابھی ان کے پاس چلتا ہوں۔ ممکن ہے بعد میں دل بدل جائے اور پھر یہ وقت ہاتھ نہ آئے اس لئے میں اسی وقت گیا اور انہوں نے میری بیعت کر لی۔''

(الفضل قادیان مورخہ 11 جولائی 1931ء ص5)

بیعت کے بعد آپ کا اخلاص

حضرت مرزا سلطان احمد صاحب نے بیعت کے بعد اپنے قول و فعل سے انتہائی اخلاص اور اطاعت کا نمونہ پیش کیا۔ حضرت مصلح موعود آپ کے اس مخلصانہ کردار کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

''بیعت کے بعد میں یہ دیکھتا رہا کہ ان کی بیعت خلوص دل سے ہے یا صرف ظاہری طور پر۔ مگر میں نے دیکھا بیعت سے پہلے میرے نام جو ان کے رقعے آتے تھے۔ ان میں ایک ایسا رنگ پایا جاتا تھا۔ جس طرح کوئی علیحدہ شخص ہوتا ہے۔ مگر بیعت کے بعد میرے نام ایک دن انہوں نے ایک رقعہ لکھا۔ میں نے اسے پڑھا۔ اس کے نیچے میرزا سلطان احمد لکھا ہوا تھا مگر پڑھنے اور یہ یقین ہونے کے باوجود کہ یہ مرزا سلطان احمد صاحب نے ہی رقعہ لکھا ہے۔ مجھے شبہ ہوا۔ کہ یہ کسی اور نے نہ لکھا ہے۔ کیونکہ وہ رقعہ اس قدر مخلصانہ انداز میں لکھا ہوا تھا اور اس قدر ادب اور احترام اس میں پایا جاتا تھا۔ جس طرح پرانے مخلص احمدی خط لکھا کرتے ہیں۔

اس میں شبہ نہیں۔ کہ انہیں ایسی حالت میں بیعت کی توفیق ملی۔ جب ان کے قویٰ مضمحل ہو چکے تھے اور دوسروں کو ہی چارپائی سے اٹھانا پڑتا تھا اور دوسروں کو ہی کھلانا اور پلانا پڑتا تھا۔ مگر ہدایت دماغ کے ساتھ تعلق رکھتی ہے ظاہری جسم کے ساتھ تعلق نہیں رکھتی۔ چنانچہ رسول کریم ﷺ نے اسی لئے فرمایا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی اس وقت تک توبہ قبول فرماتا ہے مالم یغرغر جب تک نزع کی حالت نہیں آتی۔ گویا جب تک اس کا دماغ معطل نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ دماغ کے موت کے اثر سے موثر ہو جانے سے پہلے پہلے ہر شخص کی توبہ کو قبول کر سکتا ہے اور میں سمجھتا ہوں۔ یہ اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا احسان ہے کہ اس نے عین وفات کے قریب انہیں بیعت کی توفیق عطا فرمائی۔

بیعت کے بعد ان کے اندر اس قدر اخلاص پیدا ہو گیا تھا۔ کہ مرزا سلطان محمد صاحب جب ایک دفعہ قادیان آئے۔ تو بعض اور دوستوں اور میاں بشیر احمد صاحب کو بھی خیال آیا۔ کہ انہیں (۔) کرنی چاہئے چونکہ مرزا سلطان احمد صاحب سے ان کے پرانے تعلقات تھے۔ اس لئے انہیں تحریک کی گئی۔ کہ وہ مرزا سلطان محمد صاحب کو (۔) کریں۔ چونکہ آپ چل نہیں سکتے تھے۔ اس لئے دو آدمیوں کا سہارا لے کر اس مکان پر گئے۔ جہاں مرزا سلطان محمد صاحب ٹھہرے ہوئے تھے۔ وہاں جا کر انہیں (۔) کی اور کہنے لگے۔ جب (۔) کرنی ہے۔ تو اپنے مکان پر بلا کر نہیں کرنی چاہئے۔ بلکہ وہیں چلنا چاہئے۔ جہاں وہ ٹھہرے ہوئے ہیں۔ چنانچہ باوجود بیماری کی سخت تکلیف کے وہ وہاں گئے۔ اور انہیں (۔) کی۔

پس اللہ تعالیٰ کا یہ ایک عظیم الشان فضل ہوا ہے۔ کہ ہمارے رستہ میں جو ایک مخزیہ تھی۔ اللہ تعالیٰ نے اسے دور کر دیا اور جس طرح تائی صاحبہ کو بیعت میں داخل کر کے اللہ تعالیٰ نے یہ الہام پورا کیا۔ اسی طرح مرزا سلطان احمد صاحب کو بھی بیعت میں داخل کر کے اللہ تعالیٰ نے اس مخزیہ کو دور کر دیا۔ جو آپ کے بیعت میں داخل نہ ہونے کی وجہ سے تھی۔''

(الفضل قادیان مورخہ 11 جولائی 1931ء ص6)

الہامی شخص

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اردو کلاس نمبر 336 میں حضرت صاحبزادہ مرزا سلطان احمد صاحب کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا:۔

''یہ حضرت مسیح موعود کے سب سے بڑے بچے تھے۔ میرے ابا جان سے بڑے تھے لیکن یہ پہلی بیگم میں سے تھے ان کا قصہ بڑا عجیب ہے۔ فرمایا۔

حضرت مسیح موعود کی دعائیہ نظموں میں ان کا نام نہیں آتا اس کی کیا وجہ ہے۔ پھر خود ہی فرمایا۔

اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کا نام الہام میں چھپا دیا تھا۔ مصلح موعود کے متعلق الہام یہ ہوا تھا کہ وہ تین کو چار کرنے والا ہوگا۔ تین بھائی تھے اور یہ چوتھے ہو گئے پیشگوئی اس میں یہ تھی کہ جب تک حضرت مصلح موعود خلیفہ نہیں ہوں گے اس وقت تک یہ بیعت نہیں کریں گے۔ حضرت مصلح موعود تین کو چار کرنے والے بنے۔

مرزا سلطان احمد صاحب بیعت نہیں کرتے تھے مگر حضرت مسیح موعود کا ان کے دل میں بہت احترام تھا۔ سچا کہتے تھے مگر بیعت نہیں کرتے تھے۔ لوگوں کو بھی سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ بیعت کیوں نہیں کرتے اور ان کو بھی سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ بیعت کیوں نہیں کر رہا۔

یہ کہا کرتے تھے کہ میرے اعمال اتنے اچھے نہیں ہیں کہ میں اس باپ کی طرف منسوب ہوں۔ اس لئے ان کی طبیعت میں ایک انکسار تھا ہمیشہ اپنے آپ کو چھوٹا کہتے تھے۔

بہت سادہ مزاج، بہت کثرت سے لوگوں پر احسان کئے ہوئے ہیں۔ بہت بڑے بڑے لوگ جو امیر کبیر خاندان بن گئے ہیں وہ ان کی وجہ سے ان کے احسانات کی وجہ سے بنے ہیں۔ کیونکہ یہ حکومت میں اعلیٰ عہدے پر فائز تھے۔

جہاں جاتے تھے وہاں لوگوں سے احسان کا تعلق ہوتا تھا اور ساتھ ہی طبیعت میں بہت انکسار، اپنے آپ کو کچھ نہیں سمجھتے تھے۔ کہتے تھے میں بیعت کس طرح کر سکتا ہوں میرا باپ تو اتنا بڑا آدمی ہے میں کچھ بھی نہیں ہوں۔ ان کو اصل وجہ پتہ نہیں تھی۔ اصل وجہ وہ الہام تھا۔ اس وقت تک بیعت نہیں کریں گے جب تک مرزا محمود احمد خلیفہ نہیں ہوگا۔

اس کا مطلب ہے اس وقت تک زندہ بھی رہیں گے ان کے بڑے بیٹے کا نام مرزا عزیز احمد تھا ہم ان کو بھائی جان عزیز احمد کہا کرتے تھے۔

مرزا عزیز احمد صاحب نے بیعت کر لی تھی لیکن انہوں نے نہیں کی۔ اس لئے لوگ حیران تھے کہ یہ کیا واقعہ ہوا۔

آخر ایک دن خود ہی پیغام بھیجا کہ میں آپ کی بیعت کرنا چاہتا ہوں الہامی شخص بن گئے کیونکہ ان کا نام ایک الہام میں تھا ان کی پیدائش حضرت مصلح موعود سے بہت پہلے کی تھی۔ حضرت مصلح موعود کے متعلق حضرت مسیح موعود نے 1886ء میں پیشگوئی فرمائی اور 1889ء میں آپ کی ولادت ہوئی۔ مرزا سلطان احمد صاحب کی پیدائش 1851ء میں ہوئی (اس وقت حضرت مسیح موعود کی عمر 16 سال کی تھی)۔

پیشگوئی یہ تھی کہ یہ زندہ رہے گا جب تک چھوٹا بیٹا خلیفہ نہ بن جائے عمر کے آخر پر انہوں نے بیعت کرنی تھی۔ بیعت سے پہلے یہ فوت نہیں ہو سکتے تھے یہ الہام تھا۔ انہوں نے 1930ء میں بیعت کی تھی۔ 1930ء میں ان کی عمر 80 سال تھی۔ دیکھو پیشگوئی کس شان سے پوری ہوئی۔ 80 سال تک ان کی زندگی کی ضمانت تھی یہ ہو ہی نہیں سکتا تھا کہ پہلے مر جائیں۔ 80 سال کی عمر اپنے چھوٹے بھائی کے ہاتھ پر بیعت کی۔ اور 1931ء میں وفات ہو گئی۔ صرف ایک سال موت سے پہلے بیعت کر لی۔ اس خاندان کے بڑے بڑے دلچسپ قصے ہیں۔ اس زمانے میں یہ ڈپٹی کمشنر کے طور پر ریٹائرڈ ہوئے تھے۔ اس زمانے میں ڈپٹی کمشنر کا عہدہ بہت بڑا ہوا کرتا تھا۔ آجکل کے وزیروں کی بھی کوئی حیثیت نہیں۔ مگر اس وقت کے ڈپٹی کمشنر کو بڑے اختیار تھے۔ چنانچہ بہت سے خاندان جو اس وقت بہت امیر کبیر ہیں (پاکستان میں) ان کا نام لینے کی ضرورت نہیں۔ چوٹی کے امیر خاندان ہیں۔ وہ ان کے بنائے ہوئے ہیں۔ ان کے والدین کے ان کے ساتھ تعلق تھے ان کو زمینیں الاٹ کیں۔ چیزیں الاٹ کیں۔ بے شمار امیر کر دیا اور اپنے اوپر ایک پیسہ خرچ نہیں کیا۔ اسی طرح بالکل سادہ مزاج، کوئی کمائی نہیں کی۔''

(روزنامہ الفضل 13 مارچ 1999ء)

تدبر فی القرآن ۔ روحانی زندگی کا بیش قیمت نسخہ

مکرم نذیر احمد صاحب خادم

قرآن مجید رب جلیل وقدیر کا مقدس کلام اور نسل انسانی کی ہدایت کے لئے خدائے بزرگ و برتر کا آخری، دائمی اور کامل ترین پیغام ہے۔ یہ کتاب رحمان زندہ اور زندگی بخش ہے۔ اس میں تمام انسانی ضرورتوں کا سامان موجود ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس میں غوروفکر کرنے کی دعوت دی ہے کہ تم غور و تدبر سے قرآن کریم کو پڑھ کر دیکھ لو اس میں کوئی نقص شک وشبہ اور تضاد و اختلاف نہ پاؤ گے۔ یہ امر قرآن پاک کے منجاب اللہ ہونے کی زبردست دلیل ہے۔ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ:

’’جابجا قرآن کریم میں تاکید ہے عقل، فہم، تدبر، فقاہت اور ایمان سے کام لیا جائے اور یہ قرآن اور دوسری کتابوں میں بین ما بہ الامتیاز ہے اور کسی کتاب نے اپنی تعلیم کو عقل اور تدبر کی دقیق اور آزاد نکتہ چینی کے آگے ڈالنے کی جرأت ہی نہیں کی‘‘۔

(رپورٹ جلسہ سالانہ 1897ء ص 70)

قرآن حکیم کی پُرحکمت تعلیم، اس کی حیات آفرین تاثیرات و برکات اور اس کے غیر محدود معارف وحقائق اور علوم وانوار سے استفادہ کرنے کے لئے ضروری ہے کہ ظاہری و باطنی طہارت کو اختیار کرتے ہوئے پوری توجہ اور سوچ بچار سے اس کا مطالعہ کیا جائے اس عظیم کتاب کی عظمت شان اور بلند مقام کا احساس دل میں جاگزیں کر کے اس کی تلاوت کی جائے اور یہ یقین کامل ہو کہ ہر انسانی ضرورت اور ہر مفید علم قرآن مجید میں موجود ہے اور کوئی صداقت اس سے باہر نہیں۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

’’میرا دعویٰ ہے کہ تمام صداقتیں قرآن کریم میں موجود ہیں۔ اگر کوئی مدعی ایسی صداقت پیش کرے کہ وہ قرآن میں نہیں میں اسے نکال کر دکھانے کو تیار ہوں‘‘۔ (الحکم 10 جنوری 1899ء ص 8 کالم 2)

فرماتے ہیں:۔

’’جو انسان ذرا سی سمجھ اور فکر کے ساتھ قرآن کریم کو پڑھے گا اس کو معلوم ہو جائے گا کہ دنیا کے تمام فلسفے اور علوم اس کے سامنے ہیچ ہیں اور سب حکیم اور فلاسفر اس سے بہت پیچھے رہ گئے ہیں‘‘۔

(الحکم 17 اپریل 1900ء ص 3 کالم 3)

مزید فرماتے ہیں:۔

’’حقیقی اور کامل نجات کی راہیں قرآن نے کھولیں اور باقی سب اس کے ظل تھے سو تم قرآن کو تدبر سے پڑھو اور اس سے بہت ہی پیار کرو ایسا پیار کہ تم نے کسی سے نہ کیا ہو کیونکہ جیسا کہ خدا نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا (۔) تمام قسم کی بھلائیاں قرآن ہی میں ہیں‘‘۔ (کشتی نوح۔ روحانی خزائن جلد 19 ص 26)

اللہ تعالیٰ اپنے رسول مقبول حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ اور آپؐ کی وساطت سے ہر انسان کو مخاطب کر کے فرماتا ہے کہ:

یہ (قرآن) ایک کتاب ہے جسے ہم نے تیری طرف نازل کیا ہے۔ سب خوبیوں کی جامع ہے تا کہ وہ اس (اللہ) کی باتوں پر غور کریں اور تا کہ عقلمند لوگ نصیحت حاصل کریں۔ (ص:30)

اس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کی عظمت شان اس کے کمالات اور ہر قسم کی برکات کے جامع ہونے کا ذکر کر کے اس میں غوروفکر اور تدبر کرنے کا ارشاد فرمایا ہے۔

حضرت عکرمہؓ قرآن مجید کی تلاوت کرنے لگتے تو اس صحیفہ یزدانی اور نور رحمانی کی شوکت و منزلت کو محسوس کر کے آپ کی زبان پر بے اختیار یہ الفاظ جاری ہو جاتے کہ:

یہ میرے رب کا کلام ہے۔ یہ میرے رب کا کلام ہے۔

حضرت عبداللہ ابن عباسؓ صحابی رسول ﷺ فرمایا کرتے تھے کہ میں ’’القارعہ‘‘ اور ’’القدر‘‘ جیسی چھوٹی چھوٹی سورتوں کو غور اور تدبر کے ساتھ سمجھ کر پڑھنے کو اس سے بہتر سمجھتا ہوں کہ البقرہ اور آل عمران ایسی لمبی سورتیں فرفر پڑھ جاؤں اور کچھ نہ سمجھوں۔

آنحضرت ﷺ قرآن مجید میں سب سے زیادہ غوروتدبر فرمایا کرتے تھے۔ ایک دفعہ رسول اللہ پوری رات ایک آیت پڑھتے رہے۔

آنحضور ﷺ کے ایک صحابی حضرت سعید بن جبیرؓ نے ایک رات سورۃ مائدہ کی آیت 119 پڑھتے ہوئے صبح کر دی۔

حضرت ابوسعیدؓ روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ:

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جس شخص کو قرآن مجید پڑھنے پڑھانے اور اس میں غوروتدبر کرنے کی مصروفیت کی وجہ سے میرا ذکر کرنے اور مجھ سے دعائیں مانگنے کی فرصت نہیں ملتی میں اس کو سب دعائیں مانگنے والوں سے زیادہ عطا کرتا ہوں اور اللہ کے کلام کو دوسرے سب کلاموں پر ایسی ہی فضیلت حاصل ہے جیسی کہ اللہ تعالیٰ کو اپنی تمام مخلوق پر فضیلت حاصل ہے۔ (الترمذی)

اس حدیث پاک میں قرآن مجید کو سمجھنے سمجھانے، پڑھنے پڑھانے اور اس میں غوروتدبر سے کام لینے کی جو غیر معمولی فضیلت اور اہمیت بیان ہوئی ہے وہ مزید کسی تشریح کی محتاج نہیں۔ حضرت امام الزمان بھی قرآن کریم کے گہرے غوروخوض اور فکر و تدبر سے مطالعہ فرمایا کرتے تھے۔ چنانچہ آپ نے قرآن کریم کی تفسیر بے نظیر میں ہزاروں ہزار صفحات رقم فرمائے اور بیشمار نکات و معارف سے لبریز تقاریر اور مواعظہ حسنہ ارشاد فرمائے بلکہ آپ نے تفہیم قرآن اور تفسیر فرقان کے ایسے عدیم المثال اور زریں اصول بھی مرتب فرمائے کہ گزشتہ لٹریچر اس کی نظیر پیش کرنے سے قاصر ہے اور ان سے آئندہ تا قیامت عشاق قرآن کے لئے تدبر فی القرآن کی صحیح راہیں متعین اور روشن ہو گئی ہیں۔ یہاں حضرت مسیح موعود کے علوم ظاہری و باطنی سے پُر لخت جگر سیدنا حضرت مصلح موعود کے تدبر قرآن کا ایک واقعہ پیش کر دینا مناسب حال معلوم ہوتا ہے۔

آپ کی حرم محترم حضرت سیدہ مریم صدیقہ بیان فرماتی ہیں کہ آپ کی تلاوت کا کوئی وقت مقرر نہ تھا جب بھی وقت ملتا تلاوت کر لی۔ یہ نہیں کہ دن میں صرف ایک بار یا دو بار عموماً یہ ہوتا کہ صبح ناشتہ سے فارغ ہو کر ملاقاتوں کی اطلاع ہوتی ہے۔ انتظار میں ٹہل رہے ہیں۔ قرآن ہاتھوں میں ہے لوگ ملنے آ گئے قرآن رکھ دیا۔ لوگ مل کر چلے گئے پھر پڑھنا شروع کر دیا بعض دفعہ 3،3-4،4 دن میں قرآن ختم کر لیتے۔ بعض اوقات ایسا بھی ہوتا کہ صبح سے قرآن ہاتھ میں ہے ٹہل رہے ہیں ایک ورق بھی نہیں الٹا دوسرے روز دیکھا وہی صفحہ۔ میں نے ایک دن آپ کے ہاتھ میں اسی طرح قرآن دیکھا اور کہا آپ پڑھ نہیں رہے؟ فرمایا ایک آیت پر اٹک گیا ہوں جب اس کے مطالب حل نہیں ہوتے آگے کس طرح چلوں۔ ایک دفعہ نہ جانے مجھے کیا خیال آیا۔ پوچھا کیا آپ نے کبھی موٹر چلانی سیکھی ہے؟ فرمایا ایک دفعہ کوشش کی مگر اس خیال سے کہ کہیں ٹکر نہ مار دوں ارادہ ترک کر دیا۔ ہاتھ پہیہ پر تھے اور دماغ قرآن مجید کی کسی آیت کی تفسیر میں الجھا ہوا تھا موٹر کیسے چلاتا؟‘‘

(ماہنامہ مصباح فروری 1978ء ص 29)

آج جماعت احمدیہ عالمگیر غلبہ دین کی جس مہم میں دن رات ایک کئے ہوئے ہے اس کو کامیابی سے ہمکنار کرنے میں ایک اہم ترین حصہ قرآن کریم سیکھنے سکھانے اور اس کے علوم کو پھیلانے سے تعلق رکھتا ہے پس آیئے۔ ہم اپنے واجب الاحترام بزرگوں اور برگزیدہ ہستیوں کے نقش قدم پر چلتے ہوئے قرآنی علوم وانوار سے اپنے سینوں کو منور کر کے پوری دنیا کو اس نور سے روشن کر دیں اور سب کتابیں چھوڑ کر دن رات کتاب اللہ کو ہی غوروتدبر سے پڑھیں تا اس کے ذریعہ ہم دنیا کی رہنمائی کر سکیں اور دنیا کے الجھے ہوئے مسائل کو حل کر سکیں ہاں دنیا کو اس کے خالق و مالک حقیقی کی معرفت و محبت کے جام پلا سکیں۔ ہمارے پیارے آقا سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کا مندرجہ ذیل ارشاد گرامی ہمارے لئے دعوت عمل بھی ہے اور لمحہ فکریہ بھی۔

حضور فرماتے ہیں کہ:

’’میں پھر تمام جماعتوں کو، تمام عہدیداران خصوصاً امراء اضلاع کو اس طرف توجہ دلاتا ہوں کہ قرآن کریم کا سیکھنا، جاننا اور اس کے علوم کو حاصل کرنا اور اس کی باریکیوں پر اطلاع پانا اور ان راہوں سے آگاہی حاصل کرنا جو قرب الٰہی کی خاطر قرآن کریم نے ہمارے لئے کھولی ہیں از بس ضروری ہے اس کے بغیر ہم وہ کام ہرگز سرانجام نہیں دے سکتے جس کے لئے اللہ تعالیٰ نے اس سلسلہ کو قائم کیا ہے۔ پس میں آپ کو ایک دفعہ پھر آگاہ کر دیتا ہوں اور متنبہ کرتا ہوں کہ آپ اپنے اصل مقصد کی طرف متوجہ ہوں اور اپنی انتہائی کوشش کریں کہ جماعت کا ایک فرد بھی ایسا نہ رہے نہ بڑا نہ چھوٹا۔ نہ مرد نہ عورت نہ جوان نہ بچہ کہ جسے قرآن کریم ناظرہ پڑھنا نہ آتا ہو جس نے اپنے ظرف کے مطابق قرآن کریم کے معارف حاصل کرنے کی کوشش نہ کی ہو۔

(قرآنی انوار ص 17)

سیدنا حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ:

’’جو علمی ترقی چاہتا ہے اس کو چاہئے کہ قرآن شریف کو غور سے پڑھے جہاں سمجھ میں نہ آئے۔ دریافت کرے۔ اگر بعض معارف سمجھ نہ سکے تو دوسروں سے دریافت کر کے فائدہ پہنچائے‘‘۔

(الحکم 17 جولائی 1902ء ص 5 کالم 3)

حضور کے اس اہم اور اصولی ارشاد پر عمل کرنے کے لئے مندرجہ ذیل ذرائع ہو سکتے ہیں:۔

1۔ جماعت احمدیہ کا ہر فرد روزانہ غوروتدبر سے قرآن کریم کی تلاوت کرے جو بات سمجھ میں نہ آئے دوسروں سے پوچھ لے۔

2۔ تفسیر صغیر کا ترجمہ پڑھے جو بہت سی مشکلات کو حل کر دیتا ہے۔

3۔ تفسیر کبیر کا مطالعہ باقاعدگی سے کیا جائے۔

4۔ حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ کے خطبات جمعہ کو غور سے پڑھے اور سنے۔

5۔ مقامی اور مرکزی اجلاسوں، تربیتی کلاسوں، اجتماعوں اور تعلیم القرآن کلاس میں شمولیت کرے۔

6۔ علمائے کرام اور بزرگان سلسلہ کی صحبت اور گفتگو سے استفادہ کیا جائے۔

7۔ حضرت مسیح موعود کی کتب کو بالالتزام زیر مطالعہ رکھا جائے کیونکہ حضور کی کتب میں قرآن کریم کی بہترین تفسیر پائی جاتی ہے اور آنحضرت ﷺ کی احادیث و ہدایات اور دینی تعلیم کا بہترین خلاصہ اور عمدہ ترین تشریح ان کتب میں موجود ہے۔

8۔ اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی جائے کہ وہ اپنے

(باقی صفحہ 6 پر)

ص۔ب احمد سامی

میرے تایا جی شیخ غلام محمد صاحب کی یاد میں

حضرت مسیح موعود کی جماعت میں اکثر ایسے لوگ ہیں جو حقوق اللہ اور حقوق العباد پر پورے اُترتے ہیں۔ میں یادوں کا ایک پنہ کھولتی ہوں اور اُن بزرگوں کی مثال تحدیث نعمت کے طور پر پیش کرتی ہوں، جنہوں نے یہ احسن سلوک ہمارے ساتھ کیا۔

قیام پاکستان کے بعد جب ہم نے فیصل آباد (اُس وقت کے لائل پور) میں آکر رہائش اختیار کی تو ہمارا گھر بالکل ہماری احمدیہ بیت الذکر کے سامنے تھا، اور بیت کے سامنے ہی میرے ابا جان کی دکان تھی جس میں وہ بک بائینڈنگ کا کام کرتے تھے، ابا جان کے ساتھ اُن کے خالہ زاد بھائی شیخ غلام محمد مرحوم بھی کام کرتے تھے، (دونوں بھائیوں نے احمدیت بھی تقریباً اِکٹھے ہی قبول کی تھی) جن کو ہم سب تایا جی کہتے تھے اُن کی پوری فیملی پاس کے گاؤں میں رہتی تھی، مگر تایا جی بیت کے خادم تھے پانچ وقت بیت میں نداء بھی دیتے، بہت دھیمے مزاج، ہمدرد نیک انسان تھے، ابا جان اور تایا جی کا آپس میں بہت پیار تھا لگتے نہیں تھے کہ وہ سگے بھائی نہیں ہیں کھانا تو وہ ہمارے ساتھ ہی کھاتے، مگر رہتے وہ بیت میں تھے، میرے والد صاحب فرقان فورس سے واپس آئے تو ہمارے مالی حالات بہت ہی خراب تھے۔ تنگ دستی نے بُری طرح گھیرا ہوا تھا۔ ابا جان جو بھی کام کرتے کوئی خاص کامیابی نہ ہوتی۔

آخر ابا جان نے افریقہ جانے کا پروگرام بنالیا کہ وہاں پہلے سے میرے تایا اور چچا فیملیز کے ساتھ آباد تھے، حالات کو سُدھارنے کا یہ ہی ایک طریقہ تھا۔ ابا جان نے اللہ تعالیٰ کے بعد ہمارے تایا جی کو نگران بنا دیا، تایا جی خود بھی مالی لحاظ سے ہماری طرح تھے مگر اُن کی پوری فیملی گاؤں میں تھی، اور گاؤں کی زندگی شہروں سے مختلف ہوتی ہے۔ وہاں اُن کو وہ مشکلات نہیں تھیں جو ہمیں تھیں۔ دودھ، دہی، سرسوں کا ساگ، سبزی، مکئی کا آٹا اور جلانے کے لئے ایندھن وغیرہ سب وہاں باافراط تھا۔ تایا جی اور اُن کی پوری فیملی نے حق ادا کیا حقوق العباد کا، گاؤں سے ہمارے لئے ہر وہ چیز آتی تھی جس کی ہمیں ضرورت ہوتی، تایا جی ہر جمعہ کو اپنے گھر جاتے اور واپسی پر ہماری تائی اور تایا جی سروں پر ایندھن کے بورے اُٹھائے آتے، جب ابا جان افریقہ گئے تو میرا بھائی بہت چھوٹا تھا، اُس کو بھی تایا جی بہت پیار کرتے اور گود میں لئے پھرتے، تایا جی کھانا ہمارے ساتھ ہی کھاتے تھے، ہماری اُمی جان اُن کو سالن اور روٹی دیتیں تو کبھی دوسری بار وہ نہ مانگتے جتنا بھی ڈال دیا بس وہ کھا کر اُٹھ جاتے بہت کہتیں کہ بھائی اور لے لیں مگر شائد وہ جانتے تھے کہ اس سے زیادہ ہوگا ہی نہیں جتنا مناسب ہوگا اُتنا دے دیا بس وہ ہی کافی ہے۔ میری اُمی جان رفیق حضرت مسیح موعود کی بیٹی اور مربی بھائیوں کی بہن اور قادیان کی تعلیم یافتہ تھیں اس لحاظ سے پردہ کی بہت پابند تھیں۔ ہمارے تایا جی اس بات کا بہت خیال رکھتے جب بھی وہ گھر آتے ہمیشہ دروازہ میں سے پہلے آواز دیتے پھر تھوڑی دیر رک کر انتظار کرتے ہماری آواز پر کہ تایا جی آجائیں تو گھر میں قدم رکھتے۔ ہم کبھی کبھار اُن کے گاؤں بھی چلے جاتے تھے۔

